موت العالم موت العالم

بابائے تبلیغ حضرت مولانا حافظ عبدالعلیم یزدانی آف جھنگ کا انتقال پُر ملال

مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نائب اُمیر ممتاز عالم دین نامور خطیب و مبلغ بابائے تبلیغ حضرت مولانا حافظ عبدالعلیم یزدانی اُمیر مرکزیہ جھنگ مورخہ 5 ستمبر بروز بدھ ہارٹ اٹیک سے انتقال کر گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم کی پوری زندگی دعوت وتبلیغ میں گزری۔ حضرت یزدانی مرحوم کی دین ومسلک کیلئے بے شمار خدمات ہیں وہ اپنی زندگی کے آغاز سے لے کر تادم آخر قال اللہ و قال رسول اللہ ﷺ کی صدا بلند کرتے رہے۔آپ عوامی حلقوں میں بے پناہ مقبول خطیب ومقرر تھے نیز امن کے داعی انتہائی ملنسار، نرم دل اور نرم گفتار انسان تھے۔ جھنگ شہر کی مرکزی مسجد میں 40 سال تک خطیب رہے۔ مرحوم کی نماز جنازہ حضرت الامیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر حفظہ اللہ نے گورنمنٹ ہائی سکول کے وسیع گراؤنڈ میں پڑھائی۔

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں مرحوم کی تبلیغی مساعی اور جماعتی خدمات کو سراہا اور نماز جمعہ کے بعد غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔اللھم اغفرلہ وارحمہ وعافہ واعف عنہ.

حضرت مولانا قاری محمد اقبال قصوری کا انتقال پُر ملال

جماعت کے معروف ومشہور نوجوان خطیب قاری محمد اقبال قصوری مورخہ 17 اگست بروز جمعہ تہجد کے وقت طویل علالت کے بعد وفات پا گئے ۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم سحر انگیز خطابت کا ملکہ رکھتے تھے قرآن مجید کے حافظ اور مکمل عالم دین تھے۔ جامعہ دارالحدیث اوکاڑہ اور جامعہ البانیہ سیالکوٹ سے دینی تعلیم حاصل کی۔ مرکز الفتح تاندلیانوالہ میں عرصہ 10 سال تک خطیب رہے پھر جماعت کے اصرار پر جامع مسجد مبارک سمن آباد فیصل آباد منتقل ہو گئے۔ مرحوم نے پوری زندگی دین کی ترویج وتبلیغ میں گزاری۔ پہلی نماز جنازہ جمعہ کے بعد سٹیڈیم رینالہ خورد میں مولانا حفیظ الرحمٰن لکھوی نے پڑھائی جبکہ عصر کے بعد دوسری نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں پتوکی میں حضرت مولانا عبدالباسط شیخوپوری ناظم تبلیغ جمعیت اہل حدیث پاکستان نے پڑھائی۔

اللھم اغفر لہ وارحمہ و ادخلہ الجنۃ الفردوس!